سوال

حدیث (حبب الی من دنیاکم النساء والطیب، وجعلت قرۃ عینی فی الصلاۃ) مجھے تمہاری دنیا میں سے عورتیں اور خوشبو پسندیدہ بنائی گئی ہیں اور نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی گئی ہے، کا صحت کے اعتبار سے کیا درجہ ہے ؟

جواب

الحمد للہ

یہ حدیث صحیح ہے، امام نسائی رحمہ اللہ تعالی نے انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کی اور امام حاکم رحمہ اللہ تعالی نے (174/2) اسے صحیح کہا اور ذہبی رحمہ اللہ تعالی نے بھی موافقت کی ہے۔

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے فتح الباری (15/3) اور (345/11) میں صحیح کہا ہے۔

واللہ تعالی اعلم.